فوری ریلیز کے لیے: 10/11/2022 — گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL نے مشرقی بفلو میں کینسنگٹن ایکسپریس وے منصوبے کے لیے کمیونٹی آؤٹ ریچ کے دفتر کے افتتاح کا اعلان کیا***

***نیا دفتر 878 ہمبولڈٹ پارک وے پر واقع ہے؛ منگل سے ہفتے تک آؤٹ ریچ سنٹر میں بیٹھنے کے لیے منصوبے کے لیے کمیونٹی آؤٹ ریچ لائزن کا تقرر کرد یا گیا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ بفلو شہر میں 878 ہمبولڈٹ پارک وے پر کینسنگٹن ایکسپریس وے منصوبے کے لیے کمیونٹی آؤٹ ریچ (کمیونٹی سے رابطہ کاری) کا ایک دفتر باضابطہ طور پر کھول دیا گیا ہے تاکہ مشرقی بفلو میں کینسنگٹن ایکسپریس وے کے ساتھ کمیونٹی کو دوبارہ جوڑنے کے منصوبے کی منصوبہ بندی کے دوران عوامی شرکت کے مزید مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ جیسا کہ گورنر Hochul نے پہلے اعلان کیا تھا، کینسنگٹن ایکسپریس وے منصوبے کے لیے ماحولیاتی تشخیص جاری ہے اور اسے 2024 کے اوائل میں مکمل کیا جائے گا، جس سے اس سال کے آخر تک رسمی طور پر سنگ بنیاد رکھے جانے کی راہ کھل جائے گی۔ ایک نئی ویب سائٹ لانچ کی گئی ہے اور 30 جون کو بفلو میوزیم آف سائنس میں دو عوامی اسکوپنگ میٹنگز منعقد کی گئیں، جن میں ریاستی محکمہ ٹرانسپورٹیش کو اس منصوبے پر قیمتی آراء ملیں۔

"کینسنگٹن ایکسپریس وے منصوبے میں مشرقی بفلو کی کایا پلٹ کرنے والا عامل بننے کی صلاحیت ہے، جو رہائشیوں کے لیے نئے مواقع کھولے گا اور ایک ہائی وے کے ہاتھوں الگ ہو جانے والی کمیونٹی کو دوبارہ جوڑ دے گا،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس نئے کمیونٹی آؤٹ ریچ سینٹر کے کھلنے سے، ہم اس تبدیلی کے منصوبے سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے رہائشیوں کے ساتھ براہ راست رابطہ قائم کر کے بیش قیمت رائے حاصل کر پائیں گے۔ یہ ضروری ہے کہ ہم اس منصوبے کو صحیح طریقے سے چلائیں اور اس کی کامیابی کے لیے کمیونٹی کے ساتھ رابطے میں رہنا بہت ضروری ہے۔"

1950 اور 1960 کی دہائیوں کے دوران تعمیر شدہ کینسنگٹن ایکسپریس وے نے ایک عظیم الشان، درختوں سے گھری شاہراہ — تاریخی ہمبولڈٹ پارک وے جسے فریڈرک لا اولمسٹڈ نے ڈیزائن کیا تھا — کی جگہ لی اور اس کی جگہ اوسط سے کم درجے کے ہائی وے کی شکل میں سامنے آیا جس نے آس پاس کے محلوں کے درمیان رابطہ منقطع کر دیا۔ مشرقی بفلو میں اس تبدیلی کے منصوبے کے لیے گورنر Hochul کی جانب سے 1$ بلین تک مختص کیے جانے کے ذریعے، کنسنگٹن ایکسپریس وے کی اصل تعمیر سے غلط طور پر تقسیم ہو جانے والے محلوں کو ایک بار پھر ملا دیا جائے گا۔

کمیونٹی آؤٹ ریچ دفتر منگل سے ہفتے تک عوام کے لیے کھلا رہے گا اور یہاں منصوبے کا عملہ تعینات ہوگا۔ عوام کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ منصوبے کی معلومات حاصل کرنے، سوالات پوچھنے اور کمیونٹی کی رائے جمع کرنے کی مسلسل کوششوں میں حصہ لینے کے لیے دفتر تشریف لائیں۔

**878 ہمبولڈٹ پارک وے پر کمیونٹی آؤٹ ریچ دفتر کے اوقات:**

- منگل سے جمعہ: صبح 10 سے شام 6 بجے تک

- ہفتہ: صبح 10 سے دوپہر 2 بجے تک

اس کے علاوہ منصوبے کا عملہ بذریعہ ٹیلی فون 0071-370 (716) پر یا بذریعہ ای میل www.KensingtonCommunityOutreach@dot.ny.gov پر دستیاب ہے۔

اس منصوبے کے لیے عوامی رسائی کا آغاز 29 جون 2022 کو kensingtonexpressway.dot.ny.gov/شروع کیے جانے سے ہوا۔ منصوبے کی ویب سائٹ عوام کے لیے منصوبے کی تازہ ترین معلومات فراہم کرتی ہے۔

**محکمہ ٹرانسپورٹیش کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا،** "محکمہ ٹرانسپورٹیشن مشرقی بفلو کمیونٹی کے ساتھ مثبت طور پر رابطے میں ہے کیونکہ اس کا تعلق کنسنگٹن ایکسپریس وے منصوبے سے ہے، اور یہ نیا دفتر مشرقی بفلو کے رہائشیوں کو ہم سے ملنے، ہم سے سوالات پوچھنے اور اس ہی وقت جوابات حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ ہم اس منصوبے کو تیار کرتے ہوئے اس عمل میں ہر قدم پر کمیونٹی کے ساتھ شراکت داری کرنا چاہتے ہیں۔ میں مشرقی بفلو کے رہائشیوں کو ترغیب دیتی ہوں - کہ وہ ذاتی طور پر آؤٹ ریچ سینٹر میں آ کر، آن لائن یا آنے والے مہینوں میں جن کمیونٹی تقریبات میں ہم شرکت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں وہاں آ کر ہم سے ملیں۔"

وفاقی ہائی وے ایڈمنسٹریشن کے ساتھ شراکت داری میں کام کرتے ہوئے، ریاست نیو یارک محکمہ ٹرانسپورٹیشن، ماحولیاتی تشخیص کے ذریعے اس منصوبے کے لیے ماحولیاتی جائزے کے عمل کو آگے بڑھا رہا ہے جو NYSDOT کے ذریعہ برسوں کی عوامی رسائی اور مقامی رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کو بروئے کار لائے گا کہ مشرقی بفلو کے محلوں کے ساتھ ہوئی ماضی کی غلطیوں کو بہترین طریقے سے کس طرح سدھارا جائے۔ ریاستی محکمہ ٹرانسپورٹیشن فی الحال ماحولیاتی عمل کے حصے کے طور پر نئی کھلی عوامی جگہیں بنانے، سائیکل اور پیدل چلنے والوں کی حفاظت کو بڑھانے اور شور اور فضائی آلودگی سے نمٹنے کے مواقع کا جائزہ لے رہا ہے۔ یہ محکمہ مقامی سڑکوں میں اضافے کا بھی جائزہ لے رہا ہے تاکہ دوبارہ جڑے ہوئے محلوں کے اندر گاڑیاں محفوظ طور پر چلنے کو آسان بنایا جا سکے۔ کنسنگٹن ایکسپریس وے سے روزانہ تقریباً 80,000 گاڑیاں گزرتی ہیں۔

30 جون 2022 کو بفلو میوزیم آف سائنس میں دو عوامی اسکوپنگ میٹنگز منعقد کی گئیں۔ سیشنز میں منصوبے کے مختلف تصورات کے بارے میں معلوماتی پینلز پیش کیے گئے، جن میں دو آپشنز شامل تھے جو ایک اعلی درجے کے ہائی وے کی ممکنہ بحالی کی بنیاد رکھتے جو ہمبولڈ پارک وے کے اصلی اسٹریٹ اسکیپ کو بحال کرے گی۔ ان ملاقاتوں نے کمیونٹی کے ارکان کو اس منصوبے کے لیے زیر غور آپشنز کے بارے میں جاننے اور محکمہ ٹرانسپورٹیش کو اپنی رائے دینے کا موقع فراہم کیا۔ اجلاس کے بعد منصوبے کی اسکوپنگ کی ڈرافٹ رپورٹ پر تبصرے کے لیے 30 دن کی مدت رکھی گئی تھی۔ محکمے کے فیصلہ سازی کے عمل کو مطلع کرنے میں مدد کے لیے کمیونٹی کی طرف سے تقریباً 200 تبصرے موصول ہوئے۔

محکمہ کے عملے نے پورے موسم گرما میں کمیونٹی کی درج ذیل تقریبات میں بھی شرکت کی اور کینسنگٹن ایکسپریس وے منصوبے کی معلومات فراہم کیں:

1. بورڈ آف بلاک کلبز کی میٹنگ - 28 جولائی 2022
2. ڈیلوان گرائڈر کمیونٹی سینٹر میں کمیونٹی میٹنگ - 30 جولائی 2022
3. نیشنل نائٹ آؤٹ - 2 اگست 2022
4. سروائیونگ از تھرائیونگ ہیلتھ فیئر - 16 اگست 2022
5. کمیونٹی ڈے آف ہوپ - 2 ستمبر 2022
6. بیک ٹو اسکول بلاک پارٹی - 3 ستمبر 2022

منصوبے کے متعلق آراء جمع کرنے کی کاوش جاری رکھتے ہوئے، منصوبے کا عملہ اب پورے موسم خزاں میں بفلو شہر میں مختلف چرچ سروسز کے دوران منصوبے کی معلومات فراہم کر رہا ہے جس میں 13 نومبر کو ٹرو بیتھل بیپٹسٹ چرچ میں ہونے والی ایک سروس بھی شامل ہے۔

**سینیٹر Chuck Schumer نے کہا،** "ہمارے بائی پارٹیزن انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ اینڈ جابز ایکٹ کی تاریخی سرمایہ کاری کی بدولت کینسنگٹن ایکسپریس وے کی تبدیلی اپنے راستے پر ہے۔ بہت طویل عرصے سے مشرقی بفلو، شہر سے علیحدہ ہوا رہا، جس سے نسلی عدم مساوات میں شدت آئی اور معاشی مواقع رکے رہے۔ اس رکاوٹ کو دور کرنے میں بہت زیادہ دیر ہوئی ہے اور اس مستقبل کی تعمیر میں کمیونٹی کی آوازوں کی اولین اور مرکزی حیثیت ہونی چاہئیے۔ میں گورنر Hochul اور NYSDOT کو سراہتا ہوں کہ انہوں نے کینسنگٹن کی تعمیر کے بعد سے تقسیم ہو چکے مارٹن لوتھر کنگ اور ہیملن پارک کے محلوں کو پہنچنے والے نقصان کا ازالہ شروع کرنے کے لیے کمیونٹی کو شامل کیا۔

**نمائندہ Brian Higgins نے کہا،** "یہ منصوبہ بفلو کے ہمبولڈ پارک وے کے محلے کو دوبارہ جوڑنے اور اس میں دوبارہ سرمایہ کاری کرنے کا ایک شاندار موقع فراہم کرتا ہے۔ کمیونٹی کی فعال شمولیت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ منصوبے کے دائرہ کار میں ڈیزائن کی وہ خصوصیات شامل ہوں جو عوامی آراء کی عکاسی کرتی ہیں اور یہ ان رہائشیوں کی ضروریات کو پورا کرے جو اس محلے میں رہتے ہیں اور اسے بہتر جانتے ہیں۔"

**ریاستی سینیٹر Tim Kennedy نے کہا،** "اس منصوبے کے پورے کام کے دوران، کمیونٹی کی رائے کی کلیدی اہمیت رہی ہے - یہ حقیقی، تبدیلی لانے والی سرمایہ کاری کے مطالبے کو تقویت دیتی ہے اور آنے والے مستقبل کی ضروریات اور دائرہ کار کا تعین کرنے میں مدد کرتی ہے۔ یہ کمیونٹی آؤٹ ریچ دفتر اس اہم مکالمے کو ہوا دیتا رہے گا اور اس منصوبے کے آگے بڑھنے کے ساتھ ساتھ عوامی شمولیت کو ترجیح دے گا۔"

**اسمبلی کی اکثریتی لیڈر Crystal Peoples-Stokes نے کہا،** "گورنر Hochul اور NYSDOT کے کمشنر Dominguez کا ان کے مسلسل آواز بلند کرنے اور شراکت داری کے لیے شکریہ۔ اس بات کا ذکر کرنے کے چند مہینوں بعد ہی، کہ وہ اس منصوبے کے لیے کمیونٹی آؤٹ ریچ دفتر کھولیں گے، انھوں نے اسے حقیقت بنا دیا ہے۔ علاقے کے رہائشی اب معلومات حاصل کر سکیں گے، منصوبے کے کنسلٹنٹس کے ساتھ رابطہ کر سکیں گے اور کور دی کینسنگٹن ایکسپریس وے منصوبے کے لیے، ایک تاریخی غلطی کی اصلاح کرنے کی ہماری اجتماعی کوششوں کے بارے میں مزید جان سکیں گے۔"

**بفلو کے مئیر Byron W. Brown نے کہا،** "کینسنگٹن ایکسپریس وے منصوبے کے لیے ہمبولڈ پارک وے پر ایک نئے کمیونٹی آؤٹ ریچ دفتر کا افتتاح، اس ایکسپریس وے کے پہلی بار تعمیر کیے جانے کے موقعے پر ایک دوسرے سے کٹ جانے والے سیاہ فام اکثریتی محلوں کو دوبارہ جوڑنے کے لیے ایک اور مثبت قدم ہے۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ اس منصوبے سے مسلسل وابستہ ہیں۔ یہ نیا دفتر رہائشیوں کے لیے ایک اور بہترین موقع ہے کہ وہ ایک ایسے عمل کے دوران اپنی آوازیں سنائیں جو آخر کار ہمارے شہر کے محلوں کے ایک ہو جانے اور کمیونٹی کی بحالی کا باعث بنے گا۔"

**ایری کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Mark C. Poloncarz:** "کینسنگٹن ایکسپریس وے منصوبے کے لیے ایک کمیونٹی آؤٹ ریچ دفتر بنانا بہت زیادہ معنی رکھتا ہے اور اس تبدیلی کے منصوبے کے آگے بڑھنے کے ساتھ ساتھ عوام کو شرکت کرنے اور آگاہ ہونے کے کافی موقع ملیں گے۔ میں اس دفتر کو کھولنے کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس منصوبے کے آگے بڑھنے کا منتظر ہوں۔"

محکمہ ٹرانسپورٹیش 2022 کے موسم خزاں میں کینسنگٹن ایکسپریس وے منصوبے کے لیے حتمی اسکوپنگ رپورٹ کو ایک عوامی اجلاس کے موقع پر شائع کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ محکمہ ایک ممکنہ مقام کی شناخت کر رہا ہے اور تاریخ اور مقام کو حتمی شکل دینے کے بعد آنے والے ہفتوں میں اس کا اعلان کرے گا۔

گورنر Hochul کا تاریخی $32.8 بلین کا پانچ سالہ محکمہ ٹرانسپورٹیشن کے دارالحکومت کا منصوبہ جو ریاست کے مالی سال 2023 کے بجٹ کے حصے کے طور پر اپنایا گیا تھا، اس میں مشرقی بفلو میں کنسنگٹن ایکسپریس وے کوریڈور کے بیٹھ جانے والے حصے میں مشرقی مغرب کے محلوں کو دوبارہ جوڑنے اور ہمبولڈٹ پارک وے کے فراہم کردہ سرسبز قطعے کو دوبارہ قائم کرنے کے لیے $1 بلین تک شامل ہیں۔

مجموعی طور پر، محکمہ ٹرانسپورٹیشن کے کیپٹل پلان میں بنیادی ڈھانچے کے ان منصوبوں کے لیے تقریباً 3$ بلین شامل ہیں جو ریاست نیو یارک کی تمام کمیونٹیز کے لیے مساوات، باہمی رابطے اور نقل و حمل کے کثیر نمونہ مواقع کو فروغ دیتے ہیں۔ مشرقی بفلو میں کنسنگٹن ایکسپریس وے منصوبے کے علاوہ، ان منصوبوں میں برونکس میں ہنٹس پوائنٹ پر بروکنر شیریڈن انٹرچینج کی تعمیر نو، راچسٹر میں موجودہ اندرونی لوپ فری وے کو کمیونٹی بولیورڈ میں تبدیل کرنا، سیراکیوز میں آئی-81 کمیونٹی گرڈ کی تعمیر اور برونکس میں کراس برونکس ایکسپریس وے کے کچھ حصوں کو ڈھانپنا شامل ہے۔

Twitter پر ریاست نیویارک DOT کو فالو کریں: @NYSDOT۔ ہمیں فیسبک پر facebook.com/NYSDOT پر دیکھیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418